شیطانی وساوس دور کرنے کی دعا

ا-شیطان سے اللہ کی پناہ مانگنا۔(ابو داود و ترمذی)

ب-اذان۔(مسلم)

ج-مسنون اذکار اور قرآن کریم کی تلاوت۔

رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے کہ تم اپنے گھروں کو قبرستان نہ بناؤ، شیطان اس گھر سے بھاگ جاتا ہے جس میں سورہ بقرہ کی تلاوت کی جائے۔(مسلم)

اسی طرح جو چیزیں شیطان کو دور کر دیتی ہیں ان میں صبح وشام کی دعائیں، گھر میں داخل ہونے اور گھر سے باہر جانے کی دعائیں، مسجد میں داخل ہونے اور مسجد سے باہر نکلنے کی دعائیں اور دیگر دعائیں شامل ہیں جو شریعت مطہرہ سے ثابت ہیں مثلا سوتے وقت "آیۃ الکرسی" سورہ بقرۃ کی آخری دو آیتیں وغیرہ۔

جو شخص ایک سو دفعہ یہ دعا پڑھتا ہے وہ پورا دن شیطان سے محفوظ رہتا ہے۔

١- « لاَ إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ، لَهُ المُلْكُ، وَلَهُ الحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ»

" اللہ کے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں۔ وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے، اور اسی کے لئے ہر تعریف ہے۔ اور وہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھتا ہے"

اسی طرح اذان بھی شیطان کو بھگاتی ہے۔